رول نمبر: ........

FBD-1-24

☆ ☆

جماعت دہم

# اُردو لازمی (حصہ معروضی) گروپ پہلا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 15

Objective
Paper Code
7023

| سوال نمبر I | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
| --- | --- |

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| 1 | فعل ماضی کی اقسام ہیں: | تین | چار | چھ | پانچ |
| 2 | لفظ رسوائی قواعد کی رُو سے کیا ہے؟ | اسم معاوضہ | اسم موصول | اسم ضمیر | اسم فاعل |
| 3 | درست اعراب کی نشاندہی کیجیے: | خَاجِتْ | خَاجَتْ | خَاجُتْ | حَاجِت |
| 4 | لفظ چھم چھم قواعد کی رُو سے کیا ہے؟ | اسم ظرف | اسم آلہ | اسم تکبیر | اسم صوت |
| 5 | درست اعراب کی نشاندہی کیجیے: | تِعَاوِنْ | تُعَاوِنْ | تَعَاوُنْ | تَعَاوِنْ |
| 6 | فاطمہ بوقت شہادت کس فرض کی ادائیگی میں مصروف تھی؟ | پانی پلانے میں | مرہم پٹی کرنے میں | نماز پڑھنے میں | مریضوں کی دیکھ بھال کرنے میں |
| 7 | اردو میں "قید آزادی" کسے کہتے ہیں؟ | جرم کی سزا کو | شادی خانہ آبادی کو | آزادی کے ناتے کو | قید بامشقت کو |
| 8 | فراق گورکھپوری کی غزل میں شاعر کو محبوب کی یاد کب سے نہیں آئی؟ | ایک زمانے سے | [illegible] | عرصے سے | ایک مدت سے |
| 9 | چغل خور کو چغل خور کہیں تو وہ: | [illegible] | ہلاک ہو جاتا | ناراض ہو جاتا | شرمندہ ہو جاتا |
| 10 | سبق "ملمع" اصناف ادب کے لحاظ سے کیا ہے؟ | داستان | افسانہ | مضمون | ناول |
| 11 | مصنف جس کمرے میں ٹھہرائے گئے اس کی کھڑکی کھلتی تھی: | پائیں باغ میں | باغ میں | چٹیل میدان کی طرف | دریا کی سمت |
| 12 | عید الفطر کے موقع پر مسلم معاشرے کے کس طبقے کو زیادہ مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟ | اُمرا | سفید پوش | مساکین | متوسط |
| 13 | پرستان سے سیدانی بی کو انعام میں کیا ملا؟ | روپیا پیسا | کنکر پتھر | جواہرات | خلعت اور زیورات |
| 14 | مسلم لیگ کس نے قائم کی؟ | قائداعظم | نواب محسن الملک | نواب وقار الملک | سرسید احمد خاں |
| 15 | مرزا محمد سعید کی عزیزداری کس شخصیت سے تھی؟ | سرسید احمد خاں | شیخ عبدالقادر | شاہد احمد دہلوی | مشتاق احمد زاہدی |

www.pakcity.org

رول نمبر:____________

جماعت دہم

# اُردو لازمی (حصہ انشائی) گروپ پہلا

FBD-1-24 وقت: 02:10 گھنٹے کل نمبر: 60

## ( حصہ اوّل )

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی تشریح کیجیے: 10

(حصہ نظم) (i) شیر اُٹھتے تھے نہ دھوپ کے مارے کچھار سے ❖ آہو نہ مُنھ نکالتے تھے سبزہ زار سے

(ii) یہ سعادت حورِ صحرائی! تری قسمت میں تھی ❖ غازیانِ دیں کی سقائی تری قسمت میں تھی

(iii) بچھڑے ہوؤں کو بکھرے ہوؤں کو اک مرکز پر لایا ❖ کتنے ستاروں کے جھرمٹ میں سورج بن کر آیا

(iv) سمجھ لیا تھا جسے جانور سواری کا ❖ وہ اونٹ بوجھ اٹھائے گا ذِمّہ داری کا

(حصہ غزل) (v) زوح کو بھی مزا محبت کا ❖ دل کی ہمسائگی سے ملتا ہے

(vi) بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام ❖ کنجِ زنداں بھی نہیں وُسعتِ صحرا بھی نہیں

(vii) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور ❖ تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ جلے ہیں

## ( حصہ دوئم )

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ 10

(الف) اس کو معلوم نہیں تھا کہ مرزا صاحب پطرس کے استاد ہیں۔ حسبِ دستور اپنی کارروائی دکھانے کے لئے اس نے ان کے مسوّدے میں سے دو ایک فقرے نکال دیئے تھے۔ ان فقروں کا نکلنا اس کا نوکری سے نکالے جانے کا پیش خیمہ ہو گیا۔ بھاگا مرزا صاحب کی خدمت میں، معافی مانگی، ہاتھ جوڑے، مرزا صاحب نہ مانے۔

(ب) کیوں صاحب! کیا یہ آئین جاری ہُوا ہے کہ سکندر آباد کے رہنے والے دلّی کے خاک نشینوں کو خط نہ لکھیں؟ بھلا اگر یہ حکم ہُوا ہوتا، تو یہاں بھی تو اشتہار ہو جاتا کہ زنہار کوئی خط سکندر آباد کو یہاں کی ڈاک میں نہ جاوے۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات دیجیے: 10

(i) سبق "خطوطِ غالب" میں دوسرا خط کس کے نام ہے اور یہ خط کب لکھا گیا؟

(ii) علامہ اقبال کے بیٹے اور بیٹی کا نام لکھیے۔

(iii) کسان نے کن دو شرائط پہ چغل خور کو ملازم رکھا؟

(iv) نام دیو کی موت کا سبب کیا تھا؟

(v) حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی شخصیت میں موجود دو چیزیں تحریر کیجیے جو نمایاں تھیں۔

(vi) مقطع کی تعریف کیجیے اور ایک مثال دیجیے۔

(vii) "نعت" کس شاعر کی تخلیق ہے؟ ان کی کسی ایک کتاب کا نام بھی تحریر کیجیے۔

(viii) علامہ اقبال نے "حورِ صحرائی" کس کو کہا ہے؟ اور یہ کس جنگ میں شہید ہوئی؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (i) پرستان کی شہزادی (ii) نام دیو مالی 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون تحریر کیجیے۔ (i) تعلیمِ نسواں (ii) تحریکِ پاکستان (iii) سردی کا موسم 15

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ 10

انتخابِ کتب ایک اہم مسئلہ ہے۔ اس کے لئے اس طرح کی احتیاط اور غور و فکر کی ضرورت ہے جس طرح کہ دوستوں کے انتخاب کے لئے۔ جس طرح ایک اچھے اور نیک چال چلن کا مالک انسان اپنے دوست کو بُرائی سے بچا لیتا ہے اور ایک بُرا دوست اپنی بد کرداری کی وجہ سے دوسرے دوست کو بھی تباہ کر دیتا ہے۔ اسی طرح اچھی کتابیں دل و دماغ، عادات و اطوار پر اچھا اثر ڈالتی ہیں اور مخربِ اخلاق اور بے ہودہ کتابیں طبیعت کو بُرائی کی طرف مائل کرتی ہیں۔ اسی طرح بُری کتابوں کا مطالعہ پڑھنے والے کی اخلاقی موت کا باعث بنتا ہے۔ مشاہیرِ زمانہ کی سوانح عمریاں، سفر نامے، اور مذہبی کتب اور جدید معلومات پر لکھی ہوئی کتابوں کا مطالعہ انسان اور خصوصاً طالب علم کے لئے بہت مفید ہے۔ اخلاقی کتابوں کے مطالعے سے اخلاق بلند ہوتا ہے۔

(i) کس چیز کے منتخب کرنے میں غور و فکر کی ضرورت ہے؟

(ii) بُرا دوست کیا نقصان دیتا ہے اور اچھا دوست کیا فائدہ دیتا ہے؟

(iii) خراب کتابیں پڑھنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟

(iv) طالب علم کے لئے کون سی کتابیں فائدہ مند ہو سکتی ہیں؟

(v) اس عبارت کا موزوں عنوان تحریر کیجیے۔

www.pakcity.org

رول نمبر: ____________

☆ FBD-2-24
☆

جماعت دہم

# اُردو لازمی (حصہ معروضی) گروپ دوسرا

**Objective**
**Paper Code**
**7024**

وقت: 20 منٹ  کل نمبر: 15

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | تعارف کا درست تلفظ ہے: | تَعارُف | تُعارُف | تَعارَف | تِعارُف |
| 2 | درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے: | اِخلاقی | اَخلاقی | اِخِلاقی | آخلاقی |
| 3 | حروف جار کی نشاندہی کیجیے: | تک ، پر | و ، اور | کیوں کہ ، اس لئے | کا ، کی |
| 4 | وہ فعل جس میں کسی کام کے کرنے کا حکم پایا جائے، کہلاتا ہے: | فعل لازم | فعل متعدی | فعل امر | فعل نہی |
| 5 | "گرتے ہیں شاہ سوار ہی میدان جنگ میں" اس مصرعے میں "شاہ سوار" گرامر کی رُو سے کیا ہے؟ | اسم ظرف | اسم مکبر | اسم مصغر | اسم آلہ |
| 6 | ادا جعفری کی شامل نصاب غزل ان کے کس مجموعہ کلام سے لی گئی ہے؟ | میں ساز ڈھونڈتی رہی | ساز سخن بہانہ ہے | شہر درد | غزالاں تم تو واقف ہو |
| 7 | اردو میں قید آزادی کسے کہتے ہیں؟ | قید بامشقت کو | شادی خانہ آبادی کو | جرم کی سزا کو | آزادی کے خاتمے کو |
| 8 | کسان کی نظر رات کو کدھر دوڑتی ہے؟ | افلاک پر | [illegible] | چاند پر | ستاروں پر |
| 9 | غالب کے دوسرے خط کے مطابق انہیں کتنی کتابیں موصول ہوئیں؟ | 23 | 33 | 43 | 53 |
| 10 | استنبول کو کس کا گھر کہا جاتا ہے؟ | کالجوں کا | مسجدوں کا | مقبروں کا | کتب خانوں کا |
| 11 | لائل پور کس شہر کا پرانا نام ہے؟ | لاہور کا | فیصل آباد کا | گوجرانوالہ کا | ساہیوال کا |
| 12 | چغل خور نے کسان کو بتایا کہ اس کی بیوی ہو گئی ہے: | باؤلی | پاگل | بیمار | کوڑھی |
| 13 | فقیر کتنے وقفے کے بعد اپنی درد بھری آواز پھر لگاتا تھا؟ | دو تین منٹ بعد | تین چار منٹ بعد | چار پانچ منٹ بعد | پانچ چھ منٹ بعد |
| 14 | سیدانی بی نے کس رنگ کا پھل توڑ کر منہ میں رکھا؟ | سرخ، سرخ | زرد، زرد | ہرے، ہرے | سفید، سفید |
| 15 | مرزا صاحب اپنی پنشن کا بڑا حصہ خرچ کر دیتے تھے: | خیرات کرنے میں | جائیداد خریدنے پر | کتابوں پر | کھانے پینے پر |

www.pakcity.org

1002-X124-95000

رول نمبر:______

جماعت دہم

اُردو لازمی (حصہ انشائی) گروپ دوسرا

· FBD-2-24

وقت: 02:10 گھنٹے کل نمبر: 60

## ( حصہ اوّل )

10

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی تشریح کیجیے:

(حصہ نظم) (i) بشر کو فطرتِ اسلام پر پیدا کیا جس نے
محمد مصطفیٰ کے نام پر شیدا کیا جس نے

(ii) اب انساں کو انساں کا عرفان ہو گا
یقین ہو گیا، اعتبار آ گیا ہے

(iii) اس میں ایسی کھائیاں ہیں ایسے ایسے غار ہیں
دفن ہو سکتا ہے جن میں آدمی بعد از وصال

(iv) بچھڑے ہوؤں کو بکھرے ہوؤں کو اک مرکز پر لایا
کتنے ستاروں کے جھرمٹ میں سورج بن کر آیا

(حصہ غزل) (v) مصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے
تری آرزو رہنما ہو گئی ہے

(vi) تھے کتنے ستارے کہ سر شام ہی ڈوبے
ہنگام سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

(vii) ایک مدت سے تری یاد بھی نہ آئی ہمیں
اور ہم بھول گئے ہوں تجھے، ایسا بھی نہیں

## ( حصہ دوئم )

10

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔

(الف) کل جمعے کے دن بارہ تاریخ نومبر کی، تینتیس جلدیں، بھیجی ہوئی برخوردار شیونرائن کی پہنچیں۔ کاغذ، خط، تقطیع، سیاہی، چھاپا سب خوب۔ دل خوش ہوا اور شیونرائن کو دعا دی۔ سات کتابیں جو مرزا حاتم علی صاحب کی تحویل میں ہیں، وہ بھی یقین ہے کہ آج کل پہنچ جائیں۔ معلوم نہیں، منشی شیونرائن نے اندور کو، واسطے رائے امید سنگھ کے، کس طرح بھیجی ہیں یا ابھی نہیں بھیجیں؟ صاحب! تم اس خط کا جواب جلد لکھو اور اپنے قصد کا حال لکھو۔

(ب) عید کا تصور مسلمانوں کے ہاں محض تہوار منانے اور اچھل کود کو کلچر بنانے پر منحصر نہیں بلکہ اس خوشی کا رشتہ ہماری اقدار میں بہت دور تک جاتا ہے، جس سے عید کے بارے میں اُردو شعرا کی تخلیقات کو ایک سمت ہی نہیں ملتی بلکہ ان کا تعلق ہمارے داخلی رویوں کے ساتھ اتنا گہرا ہے کہ ہماری شعری روایت میں یہ عمل صرف یک طرفہ مناظر کشی تک جا کر ختم نہیں ہوتا۔ عید کی شاعری ہماری شعری روایات کا ایک اہم اور ناقابلِ فراموش حصہ ہے۔

www.pakcity.org

10

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات دیجیے:

(i) دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق بتایا گیا ہے؟

(ii) مال گودام روڈ کے آس پاس کیسے لوگ بستے ہیں؟

(iii) شاعر نے سرکار دو عالم کے آنے کی وجہ کیا بتائی ہے؟

(iv) ڈاکٹر محمد حسن کا شکریہ کس بات پر ادا کیا گیا ہے؟

(v) پہلے خط میں غالب نے کتابوں کے بارے میں کس خواہش کا اظہار کیا؟

(vi) مصنف کے شریک سفر دوستوں کے نام تحریر کیجیے۔

(vii) نام دیو کی موت کا سبب کیا تھا؟

(viii) کسان نے چغل خور کو ملازم رکھتے ہوئے کیا غلطی کی؟

05

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (i) پرستان کی شہزادی (ii) ملمع

15

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون تحریر کیجیے۔ (i) علامہ محمد اقبال ؒ (ii) چاندنی رات (iii) ضرورت ایجاد کی ماں

10

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختۂ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے، جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسرے کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوس قزح کے سارے رنگ دفعتاً شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دور افق کے قریب تو سنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے۔ گویا شاہِ خاور کے خیر مقدم کے لئے سامان ہو رہا ہے۔

(i) سکون کے وقت سمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟

(ii) صبح کے وقت سمندر کا منظر کیسا ہوتا ہے؟

(iii) تختۂ جہاز سے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟

(iv) دور افق کے قریب کیا نظر آتا ہے؟

(v) اس عبارت کا مناسب عنوان تحریر کیجیے۔

رول نمبر: ________

جماعت دہم

# اُردو (حصہ معروضی) گروپ پہلا

Objective Paper Code 7025

کل نمبر: 15 وقت: 20 منٹ FBD-1-23

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | محمود نظامی کے مقالے کے بعد مرزا محمد سعید پر کس نے تنقید کی؟ | ڈاکٹر تاثیر نے | پطرس نے | فیض نے | تاج نے |
| 2 | سیدانی بی کو کھانے میں مرغوب تھا: | زردہ | بونٹ پلاؤ | فیرنی | بریانی |
| 3 | "اسلام" کا درست تلفظ ہے: | اُسْلَام | اَسَّلَام | اَسْلَام | اِسْلَام |
| 4 | 1857ء کی جنگ آزادی کے بعد توجہ تیز ہوگئی: | غزلوں کی طرف | نظموں کی طرف | مرثیے کی طرف | قصیدے کی طرف |
| 5 | "واحد متکلم" مثال ہے: | ہم | تم | میں | وہ |
| 6 | ادا جعفری کی شامل نصاب غزل ان کی کس کتاب سے لی گئی؟ | میں ساز ڈھونڈتی رہی | غزالاں تم تو واقف ہو | شہر درد | سازِ سخن بہانہ ہے |
| 7 | آفت کا مارا فقیر کتنے بچوں کا باپ تھا؟ | تین | پانچ | سات | نو |
| 8 | "حلال" کا درست تلفظ کیا ہے؟ | حَلَالُ | حِلَالُ | حُلَالُ | حَلّالُ |
| 9 | ذات باری تعالیٰ کی شان نظر آتی ہے: | سرد و گرم میں | خشک و تر میں | اُجالے اور تاریکی میں | ان سب میں |
| 10 | کانگریس کب قائم کی گئی؟ | 1885ء میں | 1906ء میں | 1911ء میں | 1919ء میں |
| 11 | نظم "کسان" کا ابتدائی منظر ہے: | شام کا | صبح کا | جھٹ پٹے کا | رات کا |
| 12 | "وہ دوڑ رہا تھا" جملہ ہے: | ماضی بعید کا | ماضی قریب کا | ماضی تمنائی کا | ماضی استمراری کا |
| 13 | مرزا غالب کہاں پیدا ہوئے؟ | دہلی میں | علی گڑھ میں | آگرہ میں | کول میں |
| 14 | علی بخش کو زمین کہاں دی گئی؟ | جھنگ میں | لاہور میں | شیخوپورہ میں | لائل پور میں |
| 15 | وہ اسم جو نہ خود کسی اسم سے بنا ہو اور نہ اس سے کوئی دوسرا اسم بنے: | اسم جامد | اسم مصدر | اسم مشتق | اسم معاوضہ |

1001-X123-92000

www.pakcity.org

رول نمبر:..................

جماعت دہم

# اُردو (حصہ انشائی) گروپ پہلا

وقت: 02:10 گھنٹے   کل نمبر: 60

FBD-1-23

## (حصہ اوّل)

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی مختصر تشریح کیجیے: 10

**(حصہ نظم)**

(i) جلوۂ قدرت کا شاہد ، حسنِ فطرت کا گواہ — ماہ کا دل ، مہرِ عالم تاب کا نورِ نگاہ

(ii) سب محنت کش گلے ملے اور ابھرا اک پیغام — اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام

(iii) مجھے بیاہ کی تصویر بھیج دیں جھٹ پٹ — یہ دیکھنا ہے کہ بیٹھے ہیں آپ کس کروٹ

(iv) اصولِ محبت ہے ، پیغام جس کا — وہ محبوبِ ﷺ پروردگار آ گیا ہے

**(حصہ غزل)**

(v) روح کو بھی مزا محبت کا — دل کی ہمسائگی سے ملتا ہے

(vi) نازک تھے کہیں رنگِ گل و بوئے سمن سے — جذبات کہ آداب کے سانچے میں ڈھلے ہیں

(vii) میں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا — گنہ گار ہوں ، اک خطا ہو گئی ہے

## (حصہ دوئم)

3۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 05,05

(i) گاڑی کو جنبش ہوئی اور وہ دوڑ کر آگے چلا گیا۔ سٹیشن کی دکانیں، خوانچے والے اور قلی اس کی نظروں کے سامنے سے بھاگ رہے تھے۔ وہ دیر تک کھڑی سٹیشن کی بتیوں کو، جواب اندھیری رات میں جگنو کی طرح چمک رہی تھیں، گھورتی رہی۔ آخر گھپ اندھیرے میں اس کی نظریں ٹھوکریں کھانے لگیں۔

(ii) ان کی بیگم بھی ادبی ذوق رکھتی تھیں۔ دو ایک ناول ان کے بھی شائع ہو چکے ہیں۔ اولاد سعادت مند، بیوی سلیقہ شعار، پنشن اتنی کہ بڑھاپے میں کسی کی محتاجی نہیں۔ کھانا سادہ، لباس سادہ، رہن سہن سادہ، پھر احتیاج ہو تو کس بات کی؟ قلبِ مُطمئِنّہ کی دولت سے مالا مال تھے۔

www.pakcity.org

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 10

(i) اللہ تعالیٰ نے یہ کائنات کونسا ایک لفظ کہہ کر بنائی ہے؟

(ii) شاعر نے ارتقا کا پیشوا کسے کہا ہے؟

(iii) ترکی میں جمعۃ المبارک کا آدھا آدھا خطبہ کن دو زبانوں میں دیا گیا؟

(iv) شیخوپورہ سے گزرتے ہوئے علی بخش کو کیا یاد آیا؟

(v) نام دیو کی موت کا سبب کیا تھا؟

(vi) چغل خور نے کسان کی بیوی کو کیا کہہ کر بدگمان کیا؟

(vii) کونسے راستے پر چلنے سے مصیبت خوشی میں تبدیل ہو جاتی ہے؟

(viii) شاعر کے ہاں مصیبت کے "راحت فزا" ہونے کی وجہ کیا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) چغل خور (ii) نظریۂ پاکستان 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ (ii) تحریک پاکستان (iii) سیلاب کی تباہ کاریاں 15

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے: 10

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیئے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ ﷺ کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

سوالات: (i) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟ (ii) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

(iii) اسلام میں ترکی کے مسلمان، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہو گا؟

(iv) کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟

(v) اس عبارت کا عنوان لکھیے۔

رول نمبر: ________

جماعت دہم

# اُردو (حصہ معروضی) گروپ دوسرا

Objective Paper Code 7028

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 15

FBD-2023

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | حسرت موہانی کی غزل میں شاعر نے کس چیز کو رہنما ٹھہرایا ہے؟ | محبوب کی تمنا | واعظ کی نصیحت | غم روزگار | وصل محبوب |
| 2 | بوقت شہادت فاطمہ کس فرض کی ادائیگی میں مصروف تھی؟ | مرہم پٹی کرنے میں | مریضوں کی دیکھ بھال کرنے میں | نماز پڑھنے میں | پانی پلانے میں |
| 3 | زمانے کو منزل کے مبارک ہونے کی نوید کیوں دی گئی ہے؟ | کامل رہنما کے آنے کی وجہ سے | اِک خضر صدرہ گزار کی آمد کی وجہ سے | انسان کا عرفان ہونے سے | کسی کی بھی نہیں |
| 4 | مصنف کے دوست انہیں راجا صاحب سے ملوانے کہاں لے جانا چاہتے تھے؟ | الہٰ آباد | احمد نگر | جام نگر | احمد آباد |
| 5 | سبق "نام دیو مالی" کس کتاب سے لیا گیا ہے؟ | مقدمات عبدالحق | بزم خوش نفساں | خطبات عبدالحق | چند ہم عصر |
| 6 | ڈاکٹر محمد اقبال کو سوتے ہوئے جھٹکا لگتا تو کیا کرتے تھے؟ | دوائی لے لیتے | سو جاتے | علی بخش سے گردن کے پٹھے دبواتے | بے چین ہو کر ٹہلنے لگتے |
| 7 | مسجد سلیمانیہ کس نے تعمیر کرائی؟ | سلطان سلیمان | سلطان عبدالحمید | سلطان مراد | سلیم ثانی |
| 8 | "شمس العلما" اسم علم کی قسم ہے: | لقب | عرف | کنیت | خطاب |
| 9 | "بیس آم" گرامر کی رُو سے کیا ہے؟ | مرکب جاری | مرکب عددی | مرکب اشاری | مرکب عطفی |
| 10 | "مقیاس الحرارت" گرامر کی رُو سے کیا ہے؟ | اسم صوت | اسم آلہ | اسم ظرف | اسم مکبّر |
| 11 | درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے: | مَحْبُوبْ | مِحْبَوبْ | مَحَبُوبْ | مِحْبُوبُ |
| 12 | درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے: | مِسْلِمْ | مَسْلَمْ | مُسْلِمْ | مَسْلَمْ |
| 13 | مسلم لیگ کس نے قائم کی؟ | نواب محسن الملک | قائداعظم | نواب وقار الملک | سرسیّد احمد خاں |
| 14 | پرستان میں پھل دار پودے بڑے تھے: | چھ فٹ | ایک ایک فٹ | گز بھر | بالشت بھر |
| 15 | ڈاکٹر محمد اقبال رات کتنے بجے جانماز پر جا بیٹھتے؟ | دو اڑھائی بجے | دو بجے | ایک بجے | اڑھائی بجے |

www.pakcity.org

1002-X123-90000

رول نمبر:..................

جماعت دہم

# اُردو (حصہ انشائی) گروپ دوسرا

وقت: 02:10 گھنٹے　　کل نمبر: 60

FBD-2-23

## (حصہ اوّل)

10
2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی مختصر تشریح کیجیے:

(حصہ نظم)

(i) غریبوں کی جاں کو ، تیبموں کے دل کو　　سکوں ہو گیا ہے ، قرار آ گیا ہے

(ii) اس کی چھاتی پر کئی ٹانگے الٹ کر رہ گئے　　سیکڑوں گھوڑوں کا اس پر ہو چکا ہے انتقال

(iii) گرداب پر تھا شعلۂ جوالہ کا گماں　　انگارے تھے حباب تو پانی شرر فشاں

(iv) اپنے صحرا میں بہت آہو ابھی پوشیدہ ہیں　　بجلیاں برسے ہوئے بادل میں بھی خوابیدہ ہیں!

(حصہ غزل)

(v) ہم اسے منہ سے برا تو نہیں کہتے کہ فراق　　دوست تیرا ہے ، مگر آدمی اچھا بھی نہیں

(vi) جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے　　یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

(vii) یہ وہ راستہ ہے دیارِ وفا کا　　جہاں بادِ صرصر ، صبا ہو گئی ہے

## (حصہ دوئم)

05,05
3۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔

(i) نظریۂ پاکستان کا مقصد پاکستان کو ایک اسلامی اور فلاحی مملکت بنانا ہے۔ ہمیں ایسا کوئی قدم نہیں اٹھانا چاہیے، جس کی وجہ سے خدا اور اس کے رسول ﷺ کے سامنے شرمندہ ہونا پڑے۔ ہمارا جینا اور مرنا پاکستان کے لیے ہونا چاہیے۔ قومی مفاد کے سامنے ذاتی مفاد کو دل سے نکال دینا چاہیے۔ ہر قسم کی گروہ بندی سے بالاتر ہو کر تمام پاکستانیوں کی فلاح و بہبود کی کوشش کرنا نظریۂ پاکستان کو فروغ دینا ہے۔

(ii) نہ کاغذ ہے، نہ ٹکٹ ہے، اگلے لفافوں میں سے ایک بیرنگ لفافہ پڑا ہے۔ کتاب میں سے یہ کاغذ پھاڑ کر تم کو خط لکھتا ہوں اور بیرنگ لفافے میں لپیٹ کر بھیجتا ہوں۔ غمگین نہ ہونا۔ کل شام کو کچھ فتوح کہیں سے پہنچ گئی ہے، آج کاغذ اور ٹکٹ منگالوں گا۔

10
4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے:

(i) مرزا صاحب کی کن دو قومی شخصیات سے عزیز داری تھی؟
(ii) سیدانی بی کا میر صاحب کے ہاں معمول کیا تھا؟
(iii) مصنف نے اپنا لکھا ہوا مضمون کیوں پھاڑ ڈالا؟
(iv) چغل خور نے کسان کے پاس کس معاوضے پر ملازمت کی؟
(v) مصنف کے ساتھ کار میں بیٹھتے ہوئے علی بخش کے دل میں کیا وہم تھا؟
(vi) تخریب کی قوتیں کسان کے سامنے کس طرح سرنگوں رہتی ہیں؟
(vii) مال گودام روڈ کے آس پاس بسنے والوں کی حالت کیسی ہے؟
(viii) شاعر کے ہاں مصیبت کے "راحت فزا" ہونے کی وجہ کیا ہے؟

05
5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) مرزا محمد سعید (ii) نام دیو مالی

15
6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ (ii) قومی اتحاد (iii) چائے کی ایک دعوت

10
7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے:

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شعاعیں پاکستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

سوالات: (i) زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کونسے ہیں؟
(ii) عربی اور انگریزی زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟
(iii) ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟
(iv) آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کے نام لکھیے۔
(v) دنیا کے کون کونسے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

www.pakcity.org

رول نمبر: ________

جماعت دہم

# اُردو (حصہ معروضی) گروپ پہلا

Objective Paper Code 7023

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 15

FBD-G1-22

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | مباحثہ کا درست تلفظ ہے: | مُباحَثَہ | مَباحَثَہ | مُباحِثَہ | مَباحِثَہ |
| 2 | درست تلفظ والا لفظ ہے: | یُوْنِس | یَوْنِس | یُوْنَس | یُوْنُس |
| 3 | "مردِ بزرگ" گرامر کے لحاظ سے ہے: | مرکب عطفی | مرکب توصیفی | مرکب عددی | مرکب جاری |
| 4 | ان الفاظ میں حرفِ علت ہے: | کے | کہ | تاکہ | تک |
| 5 | ان الفاظ میں اسم معرفہ ہے: | لاہور | شہر | مُلک | انسان |
| 6 | پھولوں کا رنگ محبوب کی کس بات سے ملتا ہے؟ | نزاکت سے | صورت سے | خوش قامتی سے | ہنسی سے |
| 7 | کسان قدرت کے جلوے کا ہے: | پیشوا | گواہ | شاہد | مداح |
| 8 | نظم "بہادر بچے" کے مطابق ایک دن پاکستانی بچے قیام کریں گے: | منزل پر | گھر میں | ہاسٹل میں | وطن میں |
| 9 | سلطان محمد فاتح نے گھوڑے سے اتر کر نماز ادا کی: | محل میں | مسجد میں | کلیسا میں | مندر میں |
| 10 | مسجد سلیمانیہ سے ملحق کتب خانے میں قلمی کتابیں ہیں: | ایک لاکھ | ڈیڑھ لاکھ | دو لاکھ | تین لاکھ |
| 11 | پاکستان قائم کرنے کا فیصلہ بہت ناگوار گزرا: | انگریزوں کو | سکھوں کو | ہندوؤں کو | مسلمانوں کو |
| 12 | کام اسی وقت ہوتا ہے جب اس میں لذت آنے لگے، بے مزہ کام نہیں، : | بیگار ہے | بے کار ہے | بے لذت ہے | بے حیثیت ہے |
| 13 | دوسروں کی چغلی کھانا اور ایک کی بات دوسرے سے کرنا چغل خور کی تھی: | طبیعت | جبلّت | فطرت | عادت |
| 14 | سیّدانی بی! جیسا سنا تھا کہ آدم زاد بڑا بھولا ہوتا ہے۔ یہ جملہ کہا: | شہزادی الھڑ نے | سہیل پری نے | پرستان کے بادشاہ نے | بادشاہ بیگم نے |
| 15 | رسالہ "الحمرا" کے بانی ایڈیٹر تھے: | حمید احمد خاں | حامد علی خاں | ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان | محمود نظامی |

www.pakcity.org

رول نمبر:..................

جماعت دہم

# اُردو (حصہ انشائی) گروپ پہلا

وقت: 02:10 گھنٹے    کل نمبر: 60

FSD-G1-22

## (حصہ اوّل)

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی مختصر تشریح کیجیے:

(حصہ نظم) 2×3=6

(i) دو عالم کا اِمدادگار آ گیا ہے — امین آ گیا ، غم گُسار آ گیا ہے

(ii) اُڑتی تھی خاک ، خشک تھا چشمہ حیات کا — کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فُرات کا

(iii) یہ سماں اور اک قوی انسان ، یعنی کاشتکار — اِرتقا کا پیشوا ، تہذیب کا پروردگار

(iv) ہم آنکھوں میں سپنے لے کر آگے بڑھتے جائیں گے — موت سے ہم کو ڈر نہیں لگتا، جینے سے ہے پیار ہمیں

(حصہ غزل) 2×2=4

(v) ترے رُتبہ دانِ محبت کی حالت — ترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

(vi) بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام — کُنجِ زنداں بھی نہیں وُسعتِ صحرا بھی نہیں

(vii) اک شمع بجھائی تو کئی اور جلا لیں — ہم گردشِ دوراں سے بڑی چال چلے ہیں

## (حصہ دوئم)

3۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ ½+½+½+½+½+½+2=5

(i) عید کو محض خوشی یا عید کے چاند کو محض سال میں ایک بار جھلک دکھا کر غائب ہونے کے حوالے سے دیکھنے کی بجائے اُسے مسلمانوں کی تہذیبی اور فکری زندگی کے وسیع تر جغرافیے سے ملا دیا گیا، جسے عید کے موضوعات میں نئی نئی باریکیاں پیدا کر کے اُسے ادبی خوشی کے ملے جلے جذبات تک لے گئے۔ گلدستۂ عید میں موضوعات، صحن عید گاہ میں ملاقات اور درونِ خانہ عید ملن تک محدود نہیں رہے بلکہ جذبات کے وسیع تر رقبوں میں لا کر دکھایا گیا ہے۔

½+½+½+½+½+½+2=5

(ii) ہم تو کول سے تمہارے خط کے آنے کے منتظر تھے۔ ناگاہ کل جو خط آیا، معلوم ہوا کہ دو دن کول میں رہ کر سکندر آباد آ گئے ہو اور وہاں سے تم نے خط لکھا ہے۔ دیکھیے: اب یہاں کب تک رہو اور آگرہ کب جاؤ۔ پرسوں برخوردار شیونرائن کا خط آیا تھا۔ لکھتے تھے کہ کتابوں کی شیرازہ بندی ہو رہی ہے۔ اب قریب ہے کہ بھیجی جائیں۔ مرزا مہر بھی ایک ہفتہ بتاتے ہیں۔ دیکھیے! کس دن کتابیں آ جائیں۔ خدا کرے سب کام دل خواہ بنا ہو۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 2×5=10

(i) نعت کے پہلے شعر میں حضور ﷺ کی کونسی صفات بیان کی گئی ہیں؟

(ii) نام دیو کی موت کا سبب کیا تھا؟

(iii) علم اور قلم سے کیسے ملک و قوم کو دہشت گردی اور بدامنی سے نجات دلائی جا سکتی ہے؟

(iv) سیّدانی بی نے گزر اوقات کے لیے کونسا پیشہ اختیار کیا؟

(v) نظم "کسان" کے مطابق کونسی قوتیں کسان سے سرنگوں رہتی ہیں؟

(vi) پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟

(vii) مقطع کی تعریف کیجیے اور ایک شعر سے مثال دیجیے۔

(viii) جملہ معترضہ کی تعریف کیجیے اور ایک مثال دیجیے۔

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) مُلمّع (ii) علی بخش 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) تمباکو نوشی کے نقصانات (ii) تحریکِ پاکستان (iii) دہشت گردی 15

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے: 2×5=10

اقبال رحمۃ اللہ علیہ کی انفرادیت یہ ہے کہ وہ ایک باعمل شاعر تھے۔ انہوں نے شعر کے ذریعے اسلامی تعلیمات، حسنِ اخلاق، خودی، فقر، درویشی اور مغرب سے بیزاری کی تلقین کی اور اپنے عمل کے ذریعے اس کا ثبوت مہیا کیا۔ انہوں نے مسلمانوں کی سیاسی جدوجہد میں اپنی ہمت اور طاقت کے مطابق شرکت کی۔ گول میز کانفرنس میں شرکت کے لیے یورپ کا سفر کیا۔ اسلامی کانفرنس میں شرکت کے لیے فلسطین گئے۔ نیز اسلامی افکار اور فلسفہ کی اشاعت کے لیے ہندوستان کے مختلف علاقوں دہلی، حیدر آباد، دکن، مدراس اور بنگلور وغیرہ کے دورے کیے۔ مسلمانوں کے اصرار پر پنجاب اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کے لیے انتخاب میں حصہ لیا اور تین سال تک اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کی جنگ لڑی۔

سوالات:

(i) علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے ہندوستان کے مختلف علاقوں کا دورہ کیوں کیا؟

(ii) علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ کا عمل کیا تھا؟

(iii) اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے انتخاب میں حصہ کیوں لیا اور کتنے سال اسمبلی کے رکن رہے؟

(iv) اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے یورپ اور فلسطین کا سفر کیوں کیا؟

(v) اس عبارت کا مناسب عنوان تحریر کیجیے۔



www.pakcity.org

رول نمبر: ________

جماعت دہم

# اُردو (حصہ معروضی) گروپ دوسرا

Objective Paper Code 7022

FBD-G2-22

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 15

| سوال نمبر | |
|---|---|
| 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | مرزا محمد سعید نے گورنمنٹ کالج لاہور سے کونسی ڈگری لی؟ | بی اے | ایم اے تاریخ | ایم اے انگریزی | ایم اے اُردو |
| 2 | سیّدانی کو کھانے میں مرغوب تھا: | زردہ | بریانی | بونٹ پلاؤ | حلوہ |
| 3 | مصنف نے کس مصیبت کو فقیر کے لیے نعمت تصور کیا ہے؟ | بھیک مانگنا | غریب الوطنی | دوست نہ ہونا | روٹی کی محتاجی |
| 4 | سبق "مُلَمَّع" کونسی صنفِ ادب ہے؟ | افسانہ | ناول | داستان | ڈراما |
| 5 | کس شخص نے کتابوں کی شیرازہ بندی کے بارے میں غالب کو خط لکھا تھا؟ | میرن | تفتہ | شیونرائن | میر مہدی مجروح |
| 6 | علی بخش کے مطابق اقبال اکثر گنگناتے تھے: | مسلماں کے لہو میں | خودی کو کر بلند اتنا | کبھی اے حقیقتِ منتظر | نہ تو زمیں کے لیے ہے |
| 7 | مسلمان گھرانوں کی مشترکہ خصوصیات کا سرچشمہ تھا: | مشرقی اندازِ فکر | مذہب اور اخلاق | ہندوستانی اندازِ فکر | مغربی اندازِ فکر |
| 8 | پیغمبرِ ذی وقار کے چراغ محبت کے بارے میں کیا کہا گیا ہے؟ | اس کی روشنی پھیلے گی | ہمیشہ روشن رہے گا | کبھی نہیں بجھے گا | روشنی چمکتی رہے گی |
| 9 | انتہا تک پہنچنے کی شرط کیا ہے؟ | ابتدا کرنا | جہدِ مسلسل کرنا | چاہت اور محبت | ایثار اور قربانی |
| 10 | آدمی آدمی سے ملتا ہے دِل مگر کم کسی سے ملتا ہے<br>اس شعر میں ردیف ہے: | آدمی آدمی | کسی سے | سے ملتا ہے | دل مگر |
| 11 | وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو کہلاتا ہے: | فعل لازم | فعل معروف | فعل متعدی | فعل مجہول |
| 12 | درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے: | مَغفِرَتْ | مُغفَرَتْ | مَغفُرَتْ | مِغفَرَتْ |
| 13 | "مٹھو" گرامر کے لحاظ سے کیا ہے؟ | خطاب | عرف | کنیت | لقب |
| 14 | اطلاع کا درست تلفظ ہے: | اَطْلاَ عُ | اَطّلاَ عْ | اِطِلاَ عْ | اِطّلاَ عْ |
| 15 | "ٹھنڈا پانی" گرامر کی رُو سے کیا ہے؟ | مرکبِ عطفی | مرکبِ جاری | مرکبِ توصیفی | مرکبِ اضافی |

www.pakcity.org

رول نمبر:...............                    f 8

جماعت دہم

# اُردو (حصہ انشائی) گروپ دوسرا

وقت: 02:10 گھنٹے          کل نمبر: 60

FBD-G2-22

## (حصّہ اوّل)

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی مختصر تشریح کیجیے:

(حصہ نظم) 2×3=6

(i) گرداب پر تھا شعلہء جوالہ کا گماں — انگارے تھے حباب تو پانی شرر فشاں

(ii) سرنگوں رہتی ہیں جس سے قوتیں تخریب کی — جس کے بُوتے پر لچکتی ہے کمر تہذیب کی

(iii) مجھے بیاہ کی تصویر بھیج دیں جھٹ پٹ — یہ دیکھنا ہے کہ بیٹھے ہیں آپ کس کروٹ

(iv) وہی خالق ہے دل کا اور دل کے نیک ارادوں کا — وہی مالک ہمارا اور ہمارے باپ دادوں کا

(حصہ غزل) 2×2=4

(v) بھول جاتا ہوں میں ستم اس کے — وہ کچھ اس سادگی سے ملتا ہے

(vi) اک شمع بجھائی تو کئی اور جلا لیں — ہم گردشِ دوراں سے بڑی چال چلے ہیں

(vii) میں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا — گُنہ گار ہوں ، اک خطا ہو گئی ہے

## (حصّہ دوئم)

3۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ ½+½+½+½+½+½+2=5

(i) اہلِ مغرب نے خاندانی، نسلی اور قبائلی بنیادوں میں ذرا وسعت پیدا کر کے قومیت کی بنیادیں جغرافیائی حدود پر استوار کیں اور کہا کہ قوم وطن سے بنتی ہے۔ اس نظریے کی وجہ سے دنیا کے انسانوں کے درمیان تباہی کا جو دروازہ کھلا، وہ دو عالمی جنگوں کے ہونے سے بخوبی ظاہر ہے۔

½+½+½+½+½+½+2=5

(ii) آپ کے انگریزی اور وسیع و متنوع مطالعے کا ہر وہ شخص معترف ہے جو آپ کو جانتا ہے۔ آپ نے لائبریری کے تقاضوں کو ایک مہتمم اور ایک جویائے علم دونوں کی حیثیت سے پورا کر دیا۔ علی گڑھ سے یہ بہت بڑی نسبت ہے، جس سے آپ مدّتوں یاد رکھے جائیں گے۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 2×5=10

(i) نعت میں انسان کو انسان کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟

(ii) مسلم لیگ کی بنیاد کب اور کس نے رکھی؟

(iii) پرستان کے بادشاہ نے سیّدانی بی کو کس کام کے لیے بلوایا تھا؟ اور اجرت کے طور پر کیا دیا؟

(iv) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لُبِ لباب کیا تھا؟

(v) جمیل الدین عالی کا شمار کس قسم کے ادیبوں میں ہوتا ہے؟

(vi) استعارہ سے کیا مراد ہے؟ ایک مثال دیجیے۔

(vii) لوک داستانیں یا لوک کہانیاں معاشرے میں کس قسم کی صفات پیدا کرتی ہیں؟

(viii) مقطع کی تعریف کیجیے اور مثال دیجیے۔

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) مُلمّع (ii) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) محنت کی برکتیں (ii) کھیل (iii) وقت کی پابندی 15

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے: 2×5=10

ملکہ کی اس دلدوز اور ولولہ انگیز تقریر سے سب امیروں وزیروں کی رگ حمیت بیدار ہو گئی اور سب نے تہیہ کر لیا کہ وطن کی حفاظت میں اپنے خون کا ایک ایک قطرہ نثار کر دیں گے۔ شاہی فوج کی آمد کی خبریں برابر احمد نگر پہنچ رہی تھیں۔ چاند بی بی نے فوج کی ترتیب و تنظیم کا سارا اہتمام اپنے ہاتھ میں لیا اور سارے انتظام مکمل کر کے دشمن کی آمد کا انتظار کرنے لگی۔ بالآخر شاہی فوج آئی، احمد نگر پر حملہ کیا، لیکن احمد نگر والوں نے شاہی فوج کا مقابلہ اتنی ہمت اور دلیری سے کیا کہ اس کے دانت کھٹے ہو گئے۔

سوالات:

(i) ملکہ کی تقریر نے کیا اثر پیدا کیا؟

(ii) ملکہ چاند بی بی نے احمد نگر کو بچانے کے لیے کیا تدابیر اختیار کیں؟

(iii) شاہی فوج کے دانت کھٹے ہو گئے کا کیا مطلب ہے؟

(iv) ملکہ چاند بی بی نے احمد نگر والوں میں کس طرح ہمت اور دلیری بیدار کی؟

(v) اس عبارت کا مناسب عنوان تحریر کیجیے۔

502-X122-95000

www.pakcity.org

رول نمبر: ________

جماعت دہم FBD-G1-10-20

# اُردو (لازمی) (حصہ معروضی) گروپ پہلا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 15

Objective Paper Code

7023

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | "چلنا" گرامر کی رُو سے ہے: | اسم ذات | اسم مصدر | اسم فاعل | اسم مفعول |
| 2 | "شمس العلما" گرامر کی رُو سے ہے: | خطاب | لقب | اسم نکرہ | عرف |
| 3 | وہ اسم نکرہ جو کسی چیز کا بڑا پن ظاہر کرے کہلاتا ہے: | اسم مصغّر | اسم مکبّر | اسم ظرف | اسم تنکیر |
| 4 | "تحمل" کا درست تلفظ ہے: | تَحَمِلْ | تَحْمِلْ | تَحُمُلْ | تَحَمُّلْ |
| 5 | "مشاغل" کے درست اعراب ہیں: | مَشَاغُلْ | مَشَاغَلْ | مَشَاغِلْ | مُشَاغِلْ |
| 6 | حسرت موہانی جو ادبی رسالہ نکالتے رہے اس کا نام تھا: | اُردوئے معلیٰ | مخزن | زمیندار | روحِ کائنات |
| 7 | نظم "اونٹ کی شادی" کے مطابق اُردو میں قیدِ آزادی کہتے ہیں: | قید با مشقت کو | جرم کی سزا کو | آزادی کے خاتمے کو | شادی خانہ آبادی کو |
| 8 | شاعر جوش ملیح آبادی نے تہذیب کا پروردگار کہا ہے: | عالم | کسان | مزدور | معمار |
| 9 | اشرف صبوحی کا اصل نام تھا: | محمد اشرف | اشرف علی سیّد | سیّد ولی اشرف | سیّد محمد اشرف |
| 10 | حکیم محمد سعید کو شہید کر دیا گیا: | لاہور میں | پشاور میں | کراچی میں | اسلام آباد میں |
| 11 | مسلمانوں نے استنبول کا محاصرہ اٹھایا: | سات سال بعد | آٹھ سال بعد | نو سال بعد | پانچ سال بعد |
| 12 | ڈاکٹر سراج الحق کی ایک خوبی یہ تھی کہ وہ تھے: | نبّاض | فیّاض | خوش مزاج | مردم شناس |
| 13 | سجاد حیدر یلدرم نے بھڑ بھڑیا دوست کہا ہے: | شاکر صاحب | محمد تحسین | احمد مرزا | قرض خواہ دوست |
| 14 | ڈاکٹر غلام مصطفےٰ نے دنیا میں قومیت کی تشکیل کی بنیادیں بتائی ہیں: | دو | تین | چار | پانچ |
| 15 | مرزا محمد سعید کی عزیز داری تھی: | شیخ عبدالقادر سے | سر سیّد سے | شاہد احمد دہلوی سے | مشتاق احمد یوسفی سے |

www.pakcity.org

501-X120-85000

رول نمبر:..................

جماعت دہم

# اُردو (لازمی) (حصہ انشائی) گروپ پہلا

وقت: 02:10 گھنٹے    کل نمبر: 60    FBD-G1-10-20

## ( حصہ اوّل )

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی مختصر تشریح کیجیے:   10

**(حصہ نظم)**

(i) زمیں پر جلوہ آرا ہیں مظاہر اس کی قدرت کے — بچھائے ہیں اسی داتا نے دسترخواں نعمت کے

(ii) فاطمہ! گو شبنم افشاں آنکھ تیرے غم میں ہے — نغمۂ عشرت بھی اپنے نالۂ ماتم میں ہے

(iii) جھیل گئے دکھ جھیلنے والے، اب ہے کام ہمارا — ایک رہیں گے، ایک رہے گا، ایک ہے نام ہمارا

(iv) میاں عُشتر کو مبارک یہ رشتۂ شادی — اسی کو کہتے ہیں اُردو میں قید آزادی

**(حصہ غزل)**

(v) کاروبار جہاں سنورتے ہیں — ہوش جب بے خودی سے ملتا ہے

(vi) یوں تو ہنگامے اٹھاتے نہیں دیوانۂ عشق — مگر اے دوست، کچھ ایسوں کا ٹھکانا بھی نہیں

(vii) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور — تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ چلے ہیں

## ( حصہ دوئم )

3۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔   05,05

(i) مثلاً میرے دوست احمد مرزا ہیں، جنھیں میں بھڑ بھڑیا دوست کہتا ہوں۔ یہ نہایت معقول آدمی ہیں اور میری ان کی دوستی نہایت پرانی اور بے تکلفی کی ہے۔ مگر حضرت کی خلقت میں داخل ہے کہ دو منٹ نچلا نہیں بیٹھا جاتا۔ جب آئیں گے، شور مچاتے ہوئے، چیزوں کو الٹ پلٹ کرتے ہوئے۔ غرض کہ ان کا آنا بھونچال کے آنے سے کم نہیں ہے۔

(ii) وہ بہت سادہ مزاج، بھولا بھالا اور منکسر المزاج تھا۔ اس کے چہرے پر بشاشت اور لبوں پر مسکراہٹ کھیلتی رہتی تھی۔ چھوٹے بڑے ہر ایک سے جھک کر ملتا۔ غریب تھا اور تنخواہ بھی کم تھی، اس پر بھی اپنے غریب بھائیوں کی بساط سے بڑھ کر مدد کرتا رہتا تھا۔ کام سے عشق تھا اور آخر کام کرتے کرتے ہی اس دنیا سے رخصت ہو گیا۔

www.pakcity.org

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے:   10

(i) نظم "حمد" میں خالق کی کن مخلوقات کا ذکر کیا گیا ہے؟

(ii) تحریک خلافت کیوں شروع کی گئی؟

(iii) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لب لباب کیا تھا؟

(iv) کونسی دو چیزوں پر محصول وصول نہیں کیا جاتا تھا؟

(v) شاعر دلاور فگار اونٹ سے شادی کی تصویر کیوں مانگ رہا ہے؟

(vi) چمن کی مٹی کو کیسے گلزار بنایا جا سکتا ہے؟

(vii) گھر والوں نے عقیل کو ساتھ لے جانے کا مشورہ دیا تو اس پر لڑکی نے کیا جواب دیا؟

(viii) ادا جعفری کے مطابق دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق بتایا گیا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) مُلمّع (ii) علی بخش   05

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) عیدین (ii) تحریک پاکستان (iii) میرا اسکول   15

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے:   10

انتخاب کتب ایک اہم مسئلہ ہے۔ اس کیلئے اس طرح کی احتیاط اور غور و فکر کی ضرورت ہے جس طرح کہ دوستوں کے انتخاب کیلئے۔ جس طرح ایک اچھے اور نیک چال چلن کا مالک انسان اپنے دوست کو برائی سے بچا لیتا ہے اور ایک بُرا دوست اپنی بدکرداری کی وجہ سے دوسرے دوست کو بھی تباہ کر دیتا ہے۔ اسی طرح اچھی کتابیں دل و دماغ اور عادات و اطوار پر اچھا اثر ڈالتی ہیں اور مخرب اخلاق اور بیہودہ کتابیں طبیعت کو برائی کی طرف مائل کرتی ہیں۔ اسی طرح بری کتابوں کا مطالعہ پڑھنے والے کی اخلاقی موت کا باعث بنتا ہے۔ مشاہیر زمانہ کی سوانح عمریاں، سفرنامے، تاریخی اور مذہبی کتب اور جدید معلومات پر لکھی ہوئی کتابوں کا مطالعہ انسان اور خصوصاً طالب علم کیلئے بہت مفید ہے۔ اخلاقی کتابوں کے مطالعہ سے اخلاق بلند ہوتا ہے۔

سوالات:

(i) کتابوں کے انتخاب میں کس چیز کی ضرورت ہے؟

(ii) بُرا دوست کیا نقصان پہنچاتا ہے؟

(iii) خراب کتابیں پڑھنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟

(iv) طالب علم کیلئے کونسی کتابیں مفید ہیں؟

(v) اس عبارت کا مناسب عنوان لکھیے۔

رول نمبر: 613677

جماعت دہم FBD-G2-10-20

# اُردو (لازمی) (حصہ معروضی) گروپ دوسرا

Objective Paper Code **7028**

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 15

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | شاعر نے فاطمہ کو حور کہا ہے: | صحرائی | ارضی | آسمانی | جنت |
| 2 | فتنہ قیامت کا سلسلہ کس سے ملتا ہے؟ | محبوب کی خوش قامتی سے | خوش ادائی سے | انگڑائی سے | محفل آرائی سے |
| 3 | "چھم چھم" گرامر کی رُو سے کیا ہے؟ | اسم ظرف | اسم صوت | اسم مکبر | اسم جامد |
| 4 | وہ فعل جس سے کسی کام کے کرنے یا ہونے کا حکم معلوم ہو کہلاتا ہے: | فعل مضارع | فعل نہی | فعل امر | فعل معروف |
| 5 | وہ حرف جو دو اسموں یا دو جملوں کو آپس میں ملا دے کہلاتا ہے: | حرف علت | حرف عطف | حرف اضافت | حرف بیان |
| 6 | "اخلاق" کا درست تلفظ ہے: | اِخْلاَق | اَخْلاَق | اُخْلاَق | اِخِلاَق |
| 7 | "محبوب" کا درست تلفظ ہے: | مُحْبُوبَ | مَحَبُوبَ | مَحْبُوبُ | مِحُبُوبْ |
| 8 | اکبر کے دور میں دین کی سربلندی کے لیے کس نے سختیاں جھیلیں؟ | حضرت مجدد الف ثانی | شاہ ولی اللہ | سید احمد بریلوی | شاہ اسمٰعیل شہید |
| 9 | سبق "پرستان کی شہزادی" کس مصنف کی تحریر ہے؟ | شاہد احمد دہلوی | ہاجرہ مسرور | اشرف صبوحی | سجاد حیدر یلدرم |
| 10 | مصنف نے کس دوست کو بھڑ بھڑیا دوست کہا ہے؟ | محمد تحسین | احمد مرزا | قرض خواہ دوست | مقدمے باز دوست |
| 11 | "مُلمّع" کس کی تحریر ہے؟ | خدیجہ مسرور | ہاجرہ مسرور | سجاد حیدر یلدرم | اشرف صبوحی |
| 12 | مولوی عبدالحق نے انسان کی فطری کمزوری کی بنا پر اسے کہا ہے: | کاہل اور نکما | نکما اور کام چور | کاہل اور کام چور | دلیر مگر ست |
| 13 | حکومت نے علی بخش کو کتنی زمین الاٹ کی؟ | آدھا مربع | ایک مربع | دو مربعے | تین مربعے |
| 14 | سبق "استنبول" کس کی تحریر ہے؟ | اختر ریاض الدین | حکیم محمد سعید | قدرت اللہ شہاب | شفیع عقیل |
| 15 | نظم "میدان کربلا میں گرمی کی شدت" صنف سخن کے لحاظ سے کیا ہے؟ | آزاد نظم | قصیدہ | شہر آشوب | مرثیہ |

www.pakcity.org

رول نمبر:..................

جماعت دہم

# اُردو (لازمی) (حصہ انشائی) گروپ دوسرا

وقت: 02:10 گھنٹے     کل نمبر: 60

FBD-G2-10-20

## ( حصہ اوّل )

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی مختصر تشریح کیجیے: 10

**(حصہ نظم)**

(i) ہے کوئی ، ہنگامہ تیری تربتِ خاموش میں — پل رہی ہے ایک قوم تازہ اس آغوش میں

(ii) دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر — دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبض خاک پر

(iii) میاں شُتر نئی گاڑی لیے سفر کو چلے — مجھے خوشی ہے کہ تم آگئے پہاڑ تلے

(iv) مینہ برس جائے تو چل سکتی ہیں اس پر کشتیاں — ڈوب جانے کا بھی ہو جاتا ہے اکثر احتمال

**(حصہ غزل)**

(v) میں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا — گنہ گار ہوں ، اک خطا ہو گئی ہے

(vi) یوں تو ہنگامے اٹھاتے نہیں دیوانہ عشق — مگر اے دوست ، کچھ ایسوں کا ٹھکانا بھی نہیں

(vii) تھے کتنے ستارے کہ سرِ شام ہی ڈوبے — ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

## ( حصہ دوئم )

3۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 05,05

(i) "اگر اپنی خیر چاہتے ہو تو مرزا صاحب کو منا کر لاؤ۔" اس کو معلوم نہیں تھا کہ مرزا صاحب پطرس کے استاد ہیں۔ حسبِ دستور اپنی کارروائی دکھانے کے لیے اس نے اُن کے مسودے میں سے دو ایک فقرے نکال دیے تھے۔ ان فقروں کا نکلنا اس کا نوکری سے نکالے جانے کا پیش خیمہ ہو گیا۔

(ii) انگریزوں کے علمی ذوق کی مدح وستائش بہت کی جاتی ہے، مگر خود ولیم راجرز نے اپنی مشہور تصنیف "توپ کاپی" میں یہ گلہ کیا ہے کہ انگریزوں نے بہت سے مسلم اداروں اور خاص طور پر بیت الحکمت کا ذکر تو ضرور کیا ہے لیکن توپ کاپی کو نظر انداز کر دیا۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 10

(i) مسلمانوں کی قومیت کی بنیاد کیا ہے؟

(ii) کون سی چیز علامہ اقبال کو عید کے چاند کی تصویر کشی پر مجبور کرتی ہے؟

(iii) لڑکی ریل گاڑی میں کیوں سفر کر رہی تھی؟

(iv) علامہ اقبال کے ملازم علی بخش کو ایک مربع زمین کہاں اور کیوں الاٹ ہوئی؟

(v) اسلام کیسے امن وآشتی کا مذہب ہے؟

(vi) شاعری میں میر انیس کی وجہ شہرت کیا ہے؟

(vii) جوش ملیح آبادی کی خود نوشت کا نام کیا ہے؟

(viii) شاعرہ ادا جعفری نے دل کے کنوں اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق بتایا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ii) علی بخش 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ (ii) چائے کی ایک دعوت (iii) دیہاتی زندگی 15

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے: 10

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لاالہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ ﷺ کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

سوالات:

(i) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟

(ii) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

(iii) اسلام میں ترکی کے مسلمان، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہوگا؟

(iv) کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟

(v) اس عبارت کا عنوان لکھیے۔

www.pakcity.org

رول نمبر: ________

Objective
Code
7027

جماعت دہم (نیا کورس)

# اُردو (حصہ معروضی) گروپ پہلا

وقت: 20 منٹ   کل نمبر: 15

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | واحد متکلم کی مثال ہے: | ہم | تم | میں | وہ |
| 2 | اسم کی استعمال کے لحاظ سے کتنی قسمیں ہیں؟ | دو | تین | چار | پانچ |
| 3 | "اسلام" کا درست تلفظ کیا ہے؟ | اَسلاَم | اِسلاَم | اُسلاَم | اَسّلاَم |
| 4 | "حلال" کا درست تلفظ کیا ہے؟ | حِلاَل | حَلاَل | حُلاَل | حلاّل |
| 5 | "تم کھاؤ" گرائمر کی رو سے کیا ہے؟ | فعل امر | فعل نہی | فعل لازم | فعل متعدی |
| 6 | یہ مصرع کس شاعر کا ہے؟ "ہلال عید کی گردوں پہ آمد آمد ہے" | اقبال | حفیظ جالندھری | عبدالمجید سالک | حالؔی |
| 7 | نظم "بہادر بچے" کے مطابق کشتی کہاں ٹھہری ہے؟ | دریا میں | ساحل پر | منجدھار میں | لہروں پر |
| 8 | میر انیس کہاں پیدا ہوئے؟ | لکھنؤ میں | لاہور میں | فیض آباد میں | دلّی میں |
| 9 | شاعر دلاور فگار کب پیدا ہوئے؟ | 1929ء میں | 1930ء میں | 1931ء میں | 1932ء میں |
| 10 | رشید احمد صدیقی نے خط میں کس کے سانحہ رحلت کا ذکر کیا ہے؟ | مولانا ضیاء احمد | بیگم ڈاکٹر محمد حسن | سیّد بشیر الدین | بیگم سیّد بشیر الدین |
| 11 | سبق "نام دیو" کے مطابق درجہ کمال تک پہنچنے کے لیے ضروری ہے: | جدوجہد | صلاحیت | خوش بختی | وسائل کا ہونا |
| 12 | چغل خور کو چغل خور کہیں تو وہ: | لڑ پڑتا ہے | بھاگ جاتا ہے | ناراض ہو جاتا ہے | شرمسار ہو جاتا ہے |
| 13 | جب لڑکی ریلوے سٹیشن پہنچی تو گاڑی آنے میں کتنی دیر تھی؟ | پندرہ منٹ | آدھا گھنٹہ | ایک گھنٹہ | چند منٹ |
| 14 | مصنف سبق "مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ" جس کمرے میں ٹھہرے اس کی کھڑکی کھلتی تھی: | باغ میں | چٹیل میدان میں | پائیں باغ میں | دریا کی سمت |
| 15 | سیّد احمد بریلوی اور شاہ اسمٰعیل کب شہید ہوئے؟ | 1821ء میں | 1831ء میں | 1841ء میں | 1857ء میں |

www.pakcity.org
BLANK

رول نمبر:..................

جماعت دہم (نیا کورس)

# اُردو (حصہ انشائی) گروپ پہلا

## وقت: 02:10 گھنٹے  کل نمبر: 60

### ( حصہ اوّل )

10

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی مختصر تشریح کیجیے:

**(حصہ نظم)**

(i) نظامِ آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے — بہارِ جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے

(ii) پانی تھا آگ ، گرمیِ روزِ حساب تھی — ماہی جو سیخِ موج تک آئی ، کباب تھی

(iii) یہ سماں اور اک قوی انسان ، یعنی کاشتکار — ارتقا کا پیشوا ، تہذیب کا پروردگار

(iv) آس پاس اس کے جو بستے ہیں نہ ان کی پوچھیے — جس قدر ویراں ہے یہ، ہیں اس قدر وہ خستہ حال

**(حصہ غزل)**

(v) روح کو بھی مزا محبت کا — دل کی ہمسایگی سے ملتا ہے

(vi) بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام — کُنجِ زنداں بھی نہیں وسعتِ صحرا بھی نہیں

(vii) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور — تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ جلے ہیں

### ( حصہ دوئم )

05,05

3۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔

(i) حد یہ ہے کہ پرسوں وہ رحلت فرما گئے اور ان کے سینکڑوں دوستوں اور قدر دانوں کو اس سانحہء ارتحال کی خبر تک نہ ہوئی۔ افسوس اتنا بڑا صاحب کمال ہم میں سے اٹھ جائے اور اس کی سناؤنی ہم تک نہ پہنچے۔ کتنے بے خبر ہیں ہم لوگ! زندہ قوموں کا یہ شعار نہیں ہوتا کہ اپنے اہل کمال سے غافل ہو جائیں۔ ایسی غفلت مجرمانہ ہوتی ہے۔ شاید یہ ہماری غفلت ہی کی سزا ہے کہ مرزا صاحب کو یوں ایکا ایکی ہم سے چھین لیا گیا۔

(ii) ہر شخص میں قدرت نے کوئی نہ کوئی صلاحیت رکھی ہے، اس صلاحیت کو درجہ کمال تک پہنچانے میں ساری نیکی اور بڑائی ہے۔ درجہ کمال تک نہ کبھی کوئی پہنچا ہے نہ پہنچ سکتا ہے لیکن وہاں تک پہنچنے کی کوشش ہی میں انسان، انسان بنتا ہے۔ یہ سمجھو کندن ہو جاتا ہے۔ حساب کے دن جب اعمال کی جانچ پڑتال ہوگی، خدا یہ پوچھے گا کہ میں نے جو استعداد تجھ میں ودیعت کی تھی، اسے کمال تک پہنچانے اور اس سے کام لینے میں تو نے کیا کیا اور خلق اللہ کو اس سے کیا فیض پہنچایا؟

10

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے:

(i) اُردو شعراء نے ہر دور میں عیدالفطر کو موضوعِ سخن کیوں بنایا؟

(ii) مصنف سجاد حیدر یلدرم پر فقیر کی تقریر نے کیا اثر کیا؟

(iii) میر صاحب اور ان کی بیوی سیدانی بی کی کس بات سے زیادہ خوش تھے؟

(iv) علی بخش کو ایک مربع زمین کہاں اور کیوں الاٹ ہوئی؟

(v) حکیم محمد سعید کے سفر ترکی میں جمعۃ المبارک کا آدھا آدھا خطبہ کن دو زبانوں میں دیا گیا؟

(vi) شاعر جوش ملیح آبادی نے کسان کے گھر لوٹنے کی جو تصویر کشی کی ہے۔ اُسے دو سطروں میں لکھیے۔

(vii) نظم میں شاعر دلاور فگار نے "نیا گل کھلانے" کا ذکر کر کے کس طرف اشارہ کیا ہے؟

(viii) تھے کتنے ستارے کہ سرِ شام ہی ڈوبے — ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں — اس شعر میں "خورشید ڈھلے ہیں" سے کیا مراد ہے؟

05

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) پرستان کی شہزادی (ii) چغل خور

15

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) برسات کا موسم (ii) شہری اور دیہاتی زندگی (iii) عیدین

10

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے:

قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ ہمیشہ سے ایماندار، باہمت، نڈر اور مستقل مزاج انسان تھے۔ ان کا دامن لالچ اور ہوس سے پاک تھا۔ وہ کسی جج یا ساتھی وکیل سے بھی اپنی شان کے خلاف کوئی لفظ سننا پسند نہیں کرتے تھے۔ نامساعد حالات میں گھبراتے نہیں تھے اور نہ کبھی دغا اور فریب سے کام لیتے تھے۔ ان کی سیاست صاف ستھری اور پاکیزہ تھی۔ وہ سیاسی مقاصد حاصل کرنے کیلئے توڑ پھوڑ اور خلاف قانون اقدامات کے سخت مخالف تھے۔ جس بات کو حق سمجھتے، اس کے بارے میں کسی سے سمجھوتہ نہیں کرتے تھے۔ اور نہ ہی مصلحت کوشی سے کام لیتے تھے۔ خوش پوشی کا انہیں بے حد شوق اور سلیقہ تھا جو آخر تک قائم رہا۔ ہندوستان کے کتنے ہی وائسرایوں نے ان کی خوش پوشی کی تعریف کی۔ ان کی زندگی کے آخری چند سالوں میں ان کی شہرت بامِ عروج پر پہنچ گئی تھی۔ پاکستان کا قیام ان کا عظیم کارنامہ ہے۔

سوالات:

(i) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کس قسم کے انسان تھے؟

(ii) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کا سیاسی رویہ کس قسم کا تھا؟

(iii) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کا عظیم کارنامہ کونسا ہے؟

(iv) ہندوستان کے وائسرایوں نے قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کے کس وصف کی تعریف کی ہے؟

(v) اس عبارت کا موزوں عنوان تجویز کیجیے۔

FB-19 501-X119-82000

www.pakcity.org

رول نمبر: ________

☆ ☆ ☆

جماعت دہم (نیا کورس)

# اُردو (حصہ معروضی) گروپ دوسرا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 15

Objective Paper Code 7026

| سوال نمبر 1 | ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | شاعر نے فاطمہ کو حور کہا ہے: | صحرائی | ارضی | آسمانی | جنتی |
| 2 | کونسی چیز راحت فزا ہوگئی ہے؟ | رنج | مصیبت | ناکامی | حسرت |
| 3 | "لنگڑا" گرائمر کی رو سے ہے: | کنیت | لقب | خطاب | عرف |
| 4 | "چلنا" گرائمر کی رو سے ہے: | مصدر متعدی | مصدر مرکب | مصدر لازم | مصدر مفرد |
| 5 | "ہفتہ" قواعد کی رو سے ہے: | اسم مکبر | اسم صوت | ظرف زماں | ظرف مکاں |
| 6 | "اخلاق" کا درست تلفظ ہے: | [illegible] | اِخلاَق | اُخلاَق | اَخلاَق |
| 7 | "مدرسہ" کا درست تلفظ ہے: | [illegible] | مِدْرَسہ | مُدِرسَہ | مِدَرسَہ |
| 8 | اب انسان کو کس کا عرفان حاصل ہوگا؟ | خداتعالیٰ کا | انسان کا | کائنات کا | ان سب کا |
| 9 | پروگرام "دانش کدہ" میں کتنے دانشور بلائے جاتے تھے؟ | دو | تین | چار | سات |
| 10 | کانگریس کب قائم ہوئی؟ | 1885ء میں | 1886ء میں | 1895ء میں | 1906ء میں |
| 11 | سیدانی بی کو کھانے میں مرغوب تھا: | زردہ | بونٹ پلاؤ | فیرنی | بریانی |
| 12 | قدرت اللہ شہاب ڈپٹی کمشنر رہے: | لاہور | اوکاڑہ | جھنگ | ملتان |
| 13 | علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کونسا پھل پسند کرتے تھے؟ | انگور | لوکاٹ | آم | خوبانی |
| 14 | استنبول ایک مشہور شہر ہے: | جاپان کا | ایران کا | ترکی کا | چین کا |
| 15 | رن کی زمین سرخ تھی اور آسمان تھا: | سبز | نیلا | زرد | سرخ |

502-X119-80000

رول نمبر:..............

جماعت دہم (نیا کورس)

# اُردو (حصہ انشائی) گروپ دوسرا

**وقت: 02:10 گھنٹے    کل نمبر: 60**

## (حصہ اوّل)

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی مختصر تشریح کیجیے: 10

**(حصہ نظم)**

(i) وہی خالق ہے دل کا اور دل کے نیک ارادوں کا
وہی مالک ہمارا اور ہمارے باپ دادوں کا

(ii) یہ کلی بھی اس گلستانِ خزاں منظر میں تھی
ایسی چنگاری بھی یارب اپنی خاکستر میں تھی!

(iii) سوچتا رہتا ہوں کب میرے وظیفے کی طرح
اس کی بدحالی کا آتا ہے حکومت کو خیال

(iv) اڑتی تھی خاک، خشک تھا چشمہ حیات کا
کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فُرات کا

**(حصہ غزل)**

(v) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور
تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ جلے ہیں

(vi) روح کو بھی مزا محبت کا
دل کی ہمسائگی سے ملتا ہے

(vii) مصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے
تری آرزو رہنما ہو گئی ہے

## (حصہ دوئم)

3۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 05,05

(i) میں ایسے محبت آمیز اصرار پر انکار کیسے کر سکتا تھا؟ مختصر سا سامان پڑھنے لکھنے کا لے کر میں ان کے ساتھ ہولیا۔ ایڈیٹر معارف سے وعدہ کر چکا تھا کہ ایک خاص عرصے میں ان کی خدمت میں ایک مضمون بھیجوں گا۔ شاکر صاحب کی کوٹھی پر پہنچ کر میں نے وہ کمرا دیکھا، جو میرے لیے تیار کیا گیا تھا۔ اس کی کھڑکی پائیں باغ کی طرف کھلتی تھی اور ایک نہایت ہی دل فریب نیچرل منظر میری آنکھوں کے سامنے ہوتا تھا۔

(ii) انگریزوں کے علمی ذوق کی مدح وستائش بہت کی جاتی ہے، مگر خود ولیم ڈراجرز نے اپنی مشہور تصنیف توپ کا پی میں یہ گلہ کیا ہے کہ انگریزوں نے بہت سے مسلم اداروں اور خاص طور پر بیت الحکمت کا ذکر تو ضرور کیا ہے لیکن توپ کا پی کو نظر انداز کر دیا۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 10

(i) شُدھی اور سنگھٹن کی تحریکوں کے مقاصد کیا تھے؟

(ii) گھر والوں نے عقیل کو ساتھ لے جانے کا مشورہ دیا تو اس پر لڑکی نے کیا جواب دیا؟

(iii) عیدالفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟

(iv) بارش کم ہونے کے باوجود نام دیو مالی کا چمن ہرا ابھرا تھا۔ کیوں؟

(v) کسان نے چغل خور کو کن شرائط پر ملازم رکھا؟

(vi) شاعر نے مینہ برسنے کے بعد مال گودام روڈ کی کیا حالت بیان کی ہے؟

(vii) "حمد" میں خالق کی کن کن مخلوقات کا ذکر کیا گیا ہے؟

(viii) علی بخش کو ایک مربع زمین کہاں اور کیوں الاٹ ہوئی؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) نظریہ پاکستان (ii) چغل خور 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) شہری اور دیہی زندگی (ii) علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ (iii) دہشت گردی 15

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے: 10

پنجاب کی حد اُن دنوں میں غزنی تک پھیلی ہوئی تھی اور راجہ یہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی چنانچہ دفعتاً ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیئے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سبکتگین بھی نکلا۔ چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتاً آسمان سے گولے پڑنے لگے یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہوگئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے انہیں خبر بھی نہ ہوئی۔ ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے مگر وہاں رضائی کا گذارہ کہاں، سیکڑوں اکڑ کر مر گئے، ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے۔

سوالات:

(i) کس زمانے میں پنجاب کی حدود غزنی تک پھیلی ہوئی تھی؟

(ii) جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(iii) "وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے" کون برف میں رہنے کے عادی تھے؟

(iv) وہاں رضائی کا گذارہ کیوں نہیں تھا؟

(v) جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟

www.pakcity.org

رول نمبر: ______

FBD-G1-10-18 جماعت دہم (نیا کورس)

# اُردو (حصہ معروضی) گروپ پہلا

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 15

**Objective Paper Code 7027**

| سوال نمبر 1 | ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ |
|---|---|

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | رشید احمد صدیقی نے خطوط کس شہر سے بھجوائے؟ | دِلّی | علی گڑھ | لاہور | لکھنؤ |
| 2 | مسلمانوں نے استنبول پر پہلا حملہ کب کیا؟ | 672ء | 671ء | 673ء | 677ء |
| 3 | چغل خور کونسا کام جانتا تھا؟ | لکڑی کا | معماری کا | لوہے کا | کھیتی باڑی کا |
| 4 | شاکر صاحب مصنف کو لے گئے: | سلیم پور | دِلّی | بے پور | شاہ پور |
| 5 | پرستان کے بادشاہ نے سیدانی بی کو بلایا تھا: | بیٹی کا جہیز دکھانے کو | انعام دینے کو | بیٹی کو سینا پرونا سکھانے کو | بیٹی کی شادی میں شرکت کرنے کے لیے |
| 6 | اکبر کے دور میں دین کی سربلندی کے لیے کس نے سختیاں جھیلیں؟ | حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ | شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ | سید احمد بریلوی رحمۃ اللہ علیہ | شاہ اسمٰعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ |
| 7 | مرزا محمد سعید نے گورنمنٹ کالج لاہور سے کونسی سند لی؟ | بی اے | ایم اے تاریخ | ایم اے انگریزی ادب | ایم اے اردو ادب |
| 8 | درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے: | عَالَم | عَالُم | عالِم | عالُم |
| 9 | درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے: | جُلُوس | جَلُوس | جِلُوس | جُلَوس |
| 10 | "چھتر" گرامر کی رو سے کیا ہے؟ | اسمِ ظرف | اسمِ صوت | اسمِ آلہ | اسمِ مکبر |
| 11 | "مسواک" گرامر کی رو سے کیا ہے؟ | اسمِ ظرف | اسمِ مکبر | اسمِ آلہ | اسمِ صوت |
| 12 | اسمِ نکرہ کی اقسام ہیں: | تین | چار | پانچ | چھ |
| 13 | دل ٹوٹ کر کس سے ملتا ہے؟ | کج ادا سے | دلربا سے | خوش ادا سے | ملے کبھی جو نہیں ملتا |
| 14 | جھیل گئے دکھ جھیلنے والے سے مراد ہے: | محنت کش | مزدور | کسان | پاکستان بنانے والے |
| 15 | رن کی زمیں سرخ تھی اور آسماں تھا: | سبز | نیلا | زرد | سرخ |

501-X118-80000

www.pakcity.org

رول نمبر: ..............

جماعت دہم (نیا کورس)

# اُردو (حصہ انشائی) گروپ پہلا

FBD-G1-10-18

وقت: 02:10 گھنٹے کل نمبر: 60

## (حصہ اوّل)

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی مختصر تشریح کیجیے: 10

(حصہ نظم)

(i) وہی خالق ہے دل کا اور دل کے نیک ارادوں کا
وہی مالک ہمارا اور ہمارے باپ دادوں کا

(ii) مہکی مہکی روشن روشن پیاری پیاری نیاری
رنگ برنگے پھولوں سے اک تجی ہوئی پھلواری

(iii) مرے بیٹے کو مبارک یہ خوشگوار گھڑی
کہ سر کا درد بڑھا ناک میں نکیل پڑی

(iv) جن کی تابانی میں انداز کہن بھی، نو بھی ہے
اور تیرے کوکبِ تقدیر کا پرتو بھی ہے

(حصہ غزل)

(v) روح کو بھی مزا محبت کا
دل کی ہمسائیگی سے ملتا ہے

(vi) رنگ وہ فصلِ خزاں میں ہے کہ جس سے بڑھ کر
شانِ رنگینیٔ حسنِ چمن آرا بھی نہیں

(vii) ترے رتبے والی محبت کی حالت
ترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

## (حصہ دوئم)

3۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 05,05

(i) "اے بھائی مسلمانو! خدا کے لیے مجھ بدنصیب کا حال سنو۔ میں آفت کا مارا سات بچوں کا باپ ہوں۔ اب روٹیوں کا محتاج ہوں اور اپنی مصیبت ایک ایک سے کہتا ہوں۔ میں بھیک نہیں مانگتا۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ اپنے وطن کو چلا جاؤں، مگر کوئی خدا کا پیارا مجھے گھر بھی نہیں پہنچاتا۔ بھائی مسلمانو! میں غریب الوطن ہوں"۔

(ii) ایک سال بارش بہت کم ہوئی۔ کنوؤں اور باولیوں میں پانی برائے نام رہ گیا۔ باغ پر آفت ٹوٹ پڑی۔ بہت سے پودے اور پیڑ تلف ہو گئے، جو بچ رہے، وہ ایسے نڈھال اور مرجھائے ہوئے تھے جیسے دق کے بیمار۔ لیکن نامو مالی کا چمن ہرا بھرا تھا اور وہ دور دور سے ایک ایک گھڑا پانی کا سر پر اٹھا کر لاتا اور پودوں کو سینچتا۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 10

(i) مسلمانوں کی قومیت کی بنیاد کیا ہے؟

(ii) پرستان کے بادشاہ نے سیدانی بی کو کس کام کے لیے بلوایا تھا؟

(iii) لوک کہانی کی مختصر تعریف کیجیے۔

(iv) نامو مالی نے انعام لینے سے کیوں انکار کیا؟

(v) دہشت گردی سے معاشرتی زندگی کس طرح متاثر ہوتی ہے؟

(vi) اللہ تعالیٰ نے انسان کو کن نعمتوں سے نوازا ہے؟

(vii) کون سی قومیں کسان سے سرنگوں رہتی ہیں؟

(viii) شاعر کو کسی کی یاد کتنے عرصے سے نہیں آئی؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ii) چغل خور 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) یومِ آزادی (ii) ایک دلچسپ سفر (iii) علم کے فائدے 15

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے: 10

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہرین نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شعاعیں پاکستان، ہندوستان، ایران، افغانستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

سوالات:

(i) زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں؟

(ii) عربی اور انگریزی زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟

(iii) آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کے نام لکھیے۔

(iv) دنیا کے کون کون سے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

(v) ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟

501-X118-80000

www.pakcity.org

☆ ☆ FBD-G2-10-18 جماعت دہم (نیا کورس)

☆ ☆

# اُردو (حصہ معروضی) گروپ دوسرا

Objective Paper Code 7028

وقت: 20 منٹ کل نمبر: 15

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| نمبر شمار | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ابا صوفیہ کے برابر کیا ہے؟ | عجائب گھر | کتاب خانہ | اوقاف | قبرستان |
| 2 | سبق "علی بخش" کے مصنف کام کے سلسلہ میں کہاں گئے تھے؟ | لاہور | جھنگ | شیخوپورہ | لائل پور |
| 3 | چغل خور کونسا کام جانتا تھا؟ | معماری کا | کھیتی باڑی کا | لکڑی کا | لوہے کا |
| 4 | لڑکی نے قلی کو کتنی رقم دی؟ | پانچ کا نوٹ | ایک روپیا | چونی | اٹھنی |
| 5 | 1857ء کی جنگ آزادی کے بعد توجہ تیز ہوگئی: | غزلوں کی طرف | مرثیے کی طرف | شہر آشوب کی طرف | نظموں کی طرف |
| 6 | پرستان سے سیدانی بی کو انعام میں ملا: | ملبوسات و زیورات | کنکر پتھر | جواہرات | روپیا پیسا |
| 7 | سبق "مرزا محمد سعید" کس ادیب کی تحریر ہے؟ | شاہد احمد دہلوی | نذیر احمد دہلوی | اشرف صبوحی | مولوی عبدالحق |
| 8 | "تعاون" کا درست تلفظ ہے: | تُعاوُن | تِعاوُن | تَعاوُن | تُعاوَن |
| 9 | "اسلام" کا درست تلفظ ہے: | اَسْلام | اُسْلام | اَسلام | اِسْلام |
| 10 | "اختر نے لکھا تھا" گرامر کی رو سے ہے: | ماضی بعید | ماضی شکیہ | ماضی تمنائی | ماضی استمراری |
| 11 | "مسواک" گرامر کی رو سے ہے: | اسم مکبّر | اسم آلہ | اسم صوت | اسم مصغر |
| 12 | "ابن خطاب" گرامر کی رو سے ہے: | خطاب | لقب | کنیت | تخلص |
| 13 | شاعر نے پاکستان کو رنگ برنگے پھولوں سے کیا کہا ہے؟ | پھلواری | نوکری | دلکش کھیتی | ٹکری |
| 14 | شاعر نے فاطمہ کو حور کہا ہے: | ارضی | صحرائی | آسمانی | جنتی |
| 15 | نظم "حمد" کے مطابق یہ عالم اللہ تعالیٰ نے کس چیز سے بھر دیا ہے؟ | رنگ و بو سے | مخلوقات سے | اُجالے اور تاریکی سے | ان سب سے |

www.pakcity.org
BLANK

رول نمبر:..............

جماعت دہم (نیا کورس)

# اُردو (حصہ انشائی) گروپ دوسرا

FBD-G2-10-18

وقت: 02:10 گھنٹے کل نمبر: 60

## ( حصہ اوّل )

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی مختصر تشریح کیجیے: 10

(حصہ نظم)

(i) بشر کو فطرتِ اسلام پر پیدا کیا جس نے — محمد مصطفیٰ ﷺ کے نام پر شیدا کیا جس نے

(ii) سرخی اُڑی تھی پھولوں سے، سبزی گیاہ سے — پانی کنوؤں میں اترا تھا سائے کی چاہ سے

(iii) سرنگوں رہتی ہیں جس سے قوتیں تخریب کی — جس کے بوتے پر لچکتی ہے کمر تہذیب کی

(iv) اس میں ایسی کھائیاں ہیں ایسے غار ہیں — دفن ہو سکتا ہے جن میں آدمی بعد از وصال

(حصہ غزل)

(v) ترے رتبے وداں محبت کی حالت — ترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

(vi) بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام — کنجِ زنداں بھی نہیں وسعتِ صحرا بھی نہیں

(vii) جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور — تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ جلے ہیں

## ( حصہ دوئم )

3۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 05,05

(i) میں پالکی سے اُتری اور چادر کو اچھی طرح اوڑھ اس پری کے ساتھ چلی۔ کیا کہوں، اندر کیا بہار تھی۔ ہزاروں پریاں گورے گورے رنگ، بوٹا سا قد، زرق برق کپڑے، چہلیں کرتی اٹکھیلی کرتی پھر رہی تھیں۔ چمن ایسا کہ نہ دیکھا نہ سنا۔ ہر درخت کا تنا چاندی کا، سونے کی شاخیں زمرد کے پتے، پھلوں کی جگہ لعل لٹک رہے تھے۔

(ii) ڈاکٹر صاحب بڑے درویش آدمی تھے۔ گھر کے خرچ کا حساب کتاب میرے پاس رہتا تھا۔ میں بھی بڑی کفایت سے کام لیتا تھا۔ ان کا پیسا ضائع کرنے سے مجھے بڑی تکلیف ہوتی تھی۔ اکثر اوقات ریل کے سفر کے دوران میں کئی کئی سٹیشن بھوکا رہتا تھا۔ کیونکہ وہاں روٹی مہنگی ملتی تھی لیکن ڈاکٹر صاحب ناراض ہو جاتے تھے۔ کہا کرتے تھے بخیل انسان کو ہمیشہ وقت کی ضرورت کے مطابق چلنا چاہیے۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 10

(i) پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟

(ii) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لب لباب کیا تھا؟

(iii) لڑکی جس ڈبے میں سوار ہوئی، اس کا ماحول کیسا تھا؟

(iv) نام دیو کی موت کا سبب کیا تھا؟

(v) دہشت گردی سے معاشرتی زندگی کس طرح متاثر ہوتی ہے؟

(vi) "حمد" میں خالق کی کن مخلوقات کا ذکر کیا گیا ہے؟

(vii) "آنکھ کی شبنم افشانی" سے کیا مراد ہے؟

(viii) دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق بتایا گیا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) پرستان کی شہزادی (ii) طمع 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) زم زم (ii) وقت کی پابندی (iii) ورزش 15

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے: 10

قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ ہمیشہ سے ایماندار، باہمت، نڈر اور مستقل مزاج انسان تھے۔ ان کا دامن لالچ اور ہوس سے پاک تھا۔ وہ کسی جج یا ساتھی وکیل سے بھی اپنی شان کے خلاف کوئی لفظ سننا پسند نہیں کرتے تھے۔ ناساعد حالات میں گھبراتے نہیں تھے۔ اور نہ کبھی دغا اور فریب سے کام لیتے تھے۔ ان کی سیاست صاف ستھری اور پاکیزہ تھی۔ وہ سیاسی مقاصد حاصل کرنے کیلئے توڑ پھوڑ اور خلاف قانون اقدامات کے سخت مخالف تھے۔ جس بات کو حق سمجھتے اس کے بارے میں کسی سے سمجھوتہ نہیں کرتے تھے اور نہ ہی مصلحت کوشی سے کام لیتے تھے۔ خوش پوشی کا انہیں بیحد شوق اور سلیقہ تھا جو آخر تک قائم رہا۔ ہندوستان کے کتنے ہی وائسرایوں نے ان کی خوش پوشی کی تعریف کی۔ ان کی زندگی کے آخری چند سالوں میں ان کی شہرت بام عروج پر پہنچ گئی تھی۔ پاکستان کا قیام ان کا عظیم کارنامہ ہے۔

سوالات:

(i) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کس قسم کے انسان تھے؟

(ii) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کا سیاسی رویہ کس قسم کا تھا؟

(iii) قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کا عظیم کارنامہ کونسا ہے؟

(iv) ہندوستان کے وائسرایوں نے قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ کے کس وصف کی تعریف کی ہے؟

(v) اس عبارت کا موزوں عنوان لکھیے۔

www.pakcity.org